Department of Social Services
Human Resources Administration
Department of Homeless Services
Office of Child Support Services

# پے اٹ آف 2022 اکثر پوچھے گئے سوالات (Frequently Asked Questions, FAQ) کی شیٹ

نوٹ: پے اٹ آف (Pay It Off) کا اہل ہونے کے لیے غیر تولیتی والدین پر ایسا قرض ہونا چاہیے جو NYC محکمہ برائے سماجی خدمات (NYC Department of Social Services, NYC DSS) کو مستقل طور پر واجب الادا ہو۔ مزید معلومات کے لیے FAQ #3 دیکھیں۔

**1. میں نے یہ پرچہ کیوں حاصل کیا؟**

آپ کو یہ پرچہ اس لیے موصول ہوا ہے کیونکہ ڈاک بھیجتے وقت آپ پر کم از کم $1,000 چائلڈ سپورٹ قرض تھا اور اس قرض کا کم از کم $500 NYC حکومت/محکمہ برائے سماجی خدمات (Department of Social Services, DSS) کو واجب الادا ہے۔ NYC آپ پر واجب امدادِ اطفال کی رقم میں تخفیف کی غرض سے آپ کی مدد کرنے کے لیے محدود مدت کی ایک پیشکش فراہم کر رہا ہے۔

**2. یہ پروگرام کس طرح کام کرتا ہے؟**

17 اکتوبر 2022 سے 31 اکتوبر 2022 تک، قرض کی مد میں کم از کم $500 کی ادائیگی کریں جو مستقل طور پر NYC DSS پر واجب الادا ہے اور Pay It Off معاہدہ پر دستخط کر کے اسے جمع کرائیں۔ OCSS پھر آپ کے قرض سے اتنی ہی رقم کم (اس رقم تک جو آپ پر واجب الادا ہے) کر کے آپ کی ادائیگی کو کرے گا۔

یہاں ایک مثال ہے:

| | | |
|---|---|---|
| مثال | اکتوبر میں کی گئی Pay It Off کی ادائیگی | $600 |
| پلس (+) | میچ کی گئی رقم | $600 |
| ***کل (=)*** | ***کل جس کا اطلاق امداد اطفال قرض میں تخفیف کے لیے کیا گیا*** | *$1,200* |

اگر آپ کا عدالتی حکم فعال طور پر چارج کر رہا ہے، تو آپ کو پہلے اپنے حالیہ امداد کے عدالتی حکم کردہ واجبات کی کل رقم ادا کرنی ہوگی جو اکتوبر کے مہینے میں واجب الادا ہے، اگر وہ ابھی تک ادا نہیں کی گئی ہے۔ موجودہ امداد کی ادائیگی کے لیے لی گئی رقم میچ نہیں ہوگی۔ اگر بقیہ رقم اب $500 سے زیادہ نہیں ہے، تو اسے Pay It Off کے معیار کی بنیاد پر میچ نہیں کیا جائے گا۔

یہاں ایک مثال ہے:

| | | |
|---|---|---|
| مثال | اکتوبر میں کی گئی Pay It Off کی ادائیگی | $600 |
| مائنس (-) | اکتوبر میں عدالت کی طرف سے حکم کردہ امداد کی کل واجب الادا رقم | $100 |
| برابر (=) | بقایا رقم | $500 |
| پلس (+) | **میچ کی گئی رقم** | $500 |
| ***کل (=)*** | ***کل جس کا اطلاق امداد اطفال قرض میں تخفیف کے لیے کیا گیا*** | *$1,000* |

**3. NYC محکمۂ سماجی خدمات (DSS) کو مستقل طور پر واجب الادا قرض سے آپ کا کیا مطلب ہے؟**

یہ امداد اطفال کا قرض ہے جو DSS پر واجب الادا ہے جب کوئی بچہ نقد امداد پر ہو یا اگر کوئی بچہ رضاعی نگہداشت (فوسٹر کیئر) میں ہو اور غیر تولیتی والدین سے عدالتی حکم کے مطابق ادائیگی کرنے میں تاخیر ہو جائے۔

**4. میں کس طرح ادائیگی کر سکتا ہوں؟**

آپ جس طریقے سے بھی ادائیگی کرنے کا فیصلہ کریں، ہم ایک دستخط شدہ Pay It Off معاہدہ کو موصول کیے بغیر ادائیگی میچ نہیں کر سکتے۔ کریڈٹ حاصل کرنے کے لیے فی کیس ایک علیحدہ معاہدہ درکار ہے۔

ادائیگی کرنے کے تین طریقے ہیں:

1) چیک یا منی آرڈر کے ساتھ **ذاتی طور پر** -
151W. Broadway ، چوتھی منزل
New York, NY 10013
پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے سے شام 7 بجے کے درمیان (چھٹیوں اور ہفتہ اتوار کے علاوہ)

2) چیک یا منی آرڈر **ڈاک سے بھیجیں**
OCSS - Pay It Off
PO Box 830
Canal Street Station
New York, NY 10013

3) فون پر کریڈٹ کارڈ سے ادائیگی کرنے کے لیے 929-520-1252 پر **کال کریں**

- کریڈٹ حاصل کرنے کے لیے ادائیگیاں 31 اکتوبر 2022 کے بعد موصول ہو جانی چاہئیں اور آپ کی حالیہ عدالت کے حکم کردہ موجودہ امدادی ذمہ داری کی کل رقم جو اکتوبر کے مہینے میں واجب الادا ہے سب سے پہلے ادا کی جانی چاہیے اور اسے میچ نہیں کیا جائے گا۔
on.nyc.gov/paymentmethods پر ادائیگی کرنے کے طریقے کے بارے میں مزید جانیں۔
- ادائیگیاں معاہدے کے ساتھ ہونی چاہئیں۔ الگ سے معاہدہ جمع کراتے وقت، اس بات کی نشاندہی کریں کہ ادائیگی کب اور کیسے جمع کی جائے گی۔
- متعدد کیسز کے لیے، فی کیس علیحدہ ادائیگی جمع کرائیں۔
- ادائیگیاں "NYS چائلڈ سپورٹ پروسیسنگ سنٹر" کو قابل ادائیگی بنائیں۔
- کیس آئی ڈی شامل کریں۔ اور اپنی ادائیگی پر "پے اٹ آف" کی نشاندہی کریں۔

ادائیگی کے طریقے

نوٹ: گارنشمنٹ (جیسے کہ بے روزگاری بیمہ اور پے چیک گارنشمنٹ)، ضبطی، یا ٹیکس کی مداخلت کے ذریعے جمع کرائی گئی ادائیگیاں میچ نہیں ہونگی۔ اس کے علاوہ، آپ کی جانب سے کی جانے والی ادائیگی کے ساتھ موجودہ امداد اطفال (وہ رقم جو ہر ماہ عدالت کے حکم پر ادا کی جانی ضروری ہے) پہلے ادا کی جاتی ہے۔

**5. اگر میں صرف تحویلی والدین کا مقروض ہوں نہ کہ DSS کا تو میں پروگرام میں شرکت کا اہل کیوں نہیں ہوں؟**

ہمیں صرف اس قرض میں تخفیف کا اختیار ہے جو حکومت/ DSS کو واجب الادا ہے۔

Pay It Off میں شرکت کے لیے، آپ پر NYC DSS کو مستقل طور پر تفویض شدہ امداد اطفال قرض کا کم از کم $500 واجب الادا ہو۔ آپ کو پورا امدادی اضافہ ملے گا، اگر آپ پر کم از کم $1.000 واجب الادا ہو کیونکہ اگر آپ پر صرف $500 واجب الادا ہوں گے اور آپ پورے $500 ادا کریں گے تو اس پر کوئی امدادی اضافہ نہیں کیا جائے گا۔ اگر آپ پر صرف غیر تفویض شدہ قرضہ ہے یا تحویلی والدین کو واجب الادا قرضے ہیں تو آپ شرکت نہیں کر سکتے۔

ثالثی کے پروگرام میں شرکت سے والدین کے ساتھ اس موضوع پر بات چیت کرنےکی حوصلہ افزائی ہو سکتی ہے کہ وہ ان پر واجب الادا قرض کو کم کرنے پر غور کریں۔ ہماری ویب سائٹ پر ثالثی خدمات کا پرچہ ملاحظہ کریں:
bit.ly/MediationBrochure

**6. اگر میں کم از کم $500 ادا نہ کر پاؤں تو کیا ہوگا؟**

اس مخصوص پروگرام کی شرط یہ ہے کہ آپ محدود وقت کی پیشکش سے فائدہ اٹھانے کے لیے آپ بقایاجات کی مدد میں کم از کم $500 ادا کریں۔

تاہم، امداد اطفال کی مد میں کسی ادائیگی کا فائدہ آپ کو دیگر طریقوں سے ہوگا۔ جہاں اطلاق ہوتا ہے آپ دیگر قانونی کارروائیوں سے بچ سکتے ہیں۔ آپ ہمارے Arrears Credit Program (ایریرز کریڈٹ پروگرام) کے لیے سائن اپ بھی کر سکتے ہیں جس کی شرط صرف یہ ہے کہ آپ عدالت کی حکم کردہ اپنی موجودہ امداد اطفال کی واجب رقم ادا کریں۔ آپ ذیل میں FAQ #7 پڑھ کر اس پروگرام کے بارے میں مزید جان سکتے ہیں۔

**7. ایریرز کریڈٹ پروگرام (بقایاجات کریڈٹ پروگرام) کیا ہے؟**

ایریرز کریڈٹ پروگرام آپ کو اس کی اجازت دیتا ہے کہ ایریرز کریڈٹ پروگرام میں شرکت والے دن سے شروع کر کے اپنے عدالتی حکم کے مطابق واجب الادا رقم کو پورے سال مکمل ادائیگی کرنے کے بعد مستقل طور پر تفویض شدہ DSS بقایاجات کی مدد میں $5,000 کے کریڈٹ کے اہل ہو سکتے ہیں۔ آپ 3 سال تک کے لیے اہل ہو کر کل $15,000 کا کریڈٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ مکمل ادائیگی معاہدہ کرتے وقت ہی ایریرز کریڈٹ پروگرام میں اندراج کرتے ہیں اور اہل پائے جاتے ہیں تو آپ NYC حکومت/DSS کو واجب الادا $1,000 کے ڈیبٹ میں اضافی تخفیف کے اہل ہیں۔

یہاں ایک مثال ہے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| مثال | | اکتوبر میں کی گئی ادائیگی (ادائیگیاں) | $600 |
| مائنس | (-) | اکتوبر میں کل موجودہ امداد یا ماہانہ ذمہ داری | $100 |
| برابر | (=) | بقایا رقم | $500 |
| پلس | (+) | **میچ کی گئی رقم** | $500 |
| پلس | (+) | **دستخط شدہ ایریرز کیپ معاہدہ** | $1,000 |
| ***کل*** | ***(=)*** | ***کل جس کا اطلاق امداد اطفال قرض میں تخفیف کے لیے کیا گیا*** | *$2,000* |
| *پلس* | *(+)* | *اکتوبر 2023 میں اگر امداد اطفال کی تمام ادائیگیاں کی گئیں* | *$5,000* |
| *پلس* | *(+)* | *اکتوبر 2024 میں اگر امداد اطفال کی تمام ادائیگیاں کی گئیں* | *$5,000* |
| *پلس* | *(+)* | *اکتوبر 2025 میں اگر امداد اطفال کی تمام ادائیگیاں کی گئیں* | *$5,000* |
| ***کل*** | ***(=)*** | ***کل جس کا اطلاق DSS قرض میں تخفیف کے لیے کیا گیا*** | *$17,000* |

متعدد کھاتوں (اکاؤنٹس) والے غیر تولیتی والدین کے لیے حسب ضرورت ہر انفرادی اکاؤنٹ پر اضافی کریڈٹ کا اطلاق ہوگا۔

**8. کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ مکمل ادائیگی کا معاہدہ کرتے ہوئے اگر میں ایریرز کریڈٹ پروگرام میں شرکت کا معاہدہ کروں تو میرے بقایاجات میں $5,000 کی اضافی تخفیف ہو جائے گی۔**

نہیں۔ $5,000 کا کریڈٹ جس کے اہل آپ ایریرز کریڈٹ پروگرام کے ذریعے ہو سکتے ہیں اسے پانے کے لئے آپ کو متواتر ایک سال تک موجودہ امداد اطفال کی پوری ادائیگیاں کرنی ہوں گی۔ اس سال کا آغاز اس دن سے ہوتا ہے جب آپ ایریرز کریڈٹ پروگرام میں شرکت کا معاہدہ کرتے ہیں۔ آپ 3 سال تک کے لیے اہل ہو کر کل $15,000 کا کریڈٹ حاصل کر سکتے ہیں۔ مندرجہ بالا FAQ #7 میں مثال دیکھیں۔

آپ کو Pay It Off کے وقت ہی سائن اپ کرنے کے لیے قرض میں $1,000 اضافی بونس کی تخفیف کی سہولت ملے گی۔

**9. کیا میں اکتوبر کے مہینے کے دوران ایک سے زیادہ ادائیگیاں کر سکتا ہوں؟ مثلاً اگر میں $1,000 پروگرام کے پہلے ہفتے میں ادا کردوں اور پروگرام کے دوسرے ہفتے میں مزید $1,000 ادا کردوں تو کیا میں دو ادائیگیاں کر دوں گا؟**

ہاں، آپ ایک سے زیادہ ادائیگی کر سکتے ہیں جب تک کہ آپ کے اکاؤنٹ میں ادائیگی پروگرام کے اختتامی تاریخ تک جو کہ 31 اکتوبر 2022 ہے، وہ ہر ایک $500 سے زیادہ ہیں، اور آپ پروگرام کے اختتامی تاریخ تک فی ادائیگی ایک معاہدے پر دستخط کر کے بھیج دیتے ہیں۔

**10. میں Pay It Off معاہدہ اور/یا ایریرز کریڈٹ پروگرام کی درخواست کیسے جمع کرا سکتا ہوں؟**

اسے بے باق کریں ( Pay It Off) کا معاہدہ

شروع کرنے کے لیے،

1. nyc.gov/payitoff پر Pay It Off معاہدہ ڈاؤن لوڈ کریں۔ ہو سکتا ہے آپ کو بذریعہ ڈاک موصول ہوا ہو۔
2. معاہدہ مکمل کر کے اس پر دستخط کریں۔ کریڈٹ حاصل کرنے کے لیے فی کیس ایک علیحدہ معاہدہ درکار ہے۔
3. اسے درج ذیل کے بطور جمع کرائیں:

dcse.cseweb@dfa.state.ny.us پر **ای میل کر کے**، ای میل میں اپنا کیس آئی ڈی اور "Pay It Off" شامل کرنے کو یقینی بنائیں

اس پتہ پر **بذریعہ ڈاک**:

OCSS – Pay It Off
PO Box 830
Canal Street Station
New York, NY 10013

اس پتہ پر **ذاتی طور پر**:

151W. Broadway ، چوتھی منزل
New York, NY 10013

پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے سے شام 7 بجے کے درمیان (چھٹیوں اور ہفتہ اتوار کے علاوہ)

OCSS قرضوں میں کمی کا ویب صفحہ

آپ ایریرز کریڈٹ پروگرام کی درخواست nyc.gov/ocss-debt-reduction پر ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ Pay It Off ایپلیکیشن کے ساتھ جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے اسے جمع کروائیں۔

**11. اگر میں صرف اپنی ادائیگیاں جمع کردوں اور معاہدہ مکمل نہ کروں تو کیا ہوگا؟**

دستخط شدہ معاہدہ کے بغیر آپ Pay It Off میچ کے اہل نہیں ہوں گے۔ آپ کو 31 اکتوبر 2022 سے پہلے معاہدے کو مکمل، دستخط اور واپس کرنا ہوگا۔ FAQ #10 دیکھیں۔

**12. مجھ پر قرض کی کتنی رقم واجب الادا ہے؟**

اپنے اکاؤنٹ میں بیلنس جاننے کے لیے OCSS سے رابطہ کریں:

- **ای میل کریں** dcse.cseweb@dfa.state.ny.us پر۔ براہ کرم اپنے ای میل استفسار میں اپنا امداد اطفال کا کیس نمبر شامل کریں۔
- **درخواست کریں** کسٹمر سروس کیس ورکر کے ساتھ فون اپائنٹمنٹ کی dcse.cseweb@dfa.state.ny.us کو ای میل کر کے۔ براہ کرم اپنا نام، امداد اطفال کا کیس نمبر، اپنی تشویش (تشویشات) کی تفصیل، فون نمبر، اور آپ سے رابطہ کرنے کا بہترین وقت فراہم کریں۔ اپنی ای میل کی موضوع سطر میں "کسٹمر سروس کی اپائنٹمنٹ کی درخواست" ("Requesting a Customer Service Appointment") درج کریں۔
- **فون کریں** نیو یارک اسٹیٹ کے امداد اطفال کی ہیلپ لائن کو 888-208-4485 پر۔
- **ڈاک بھیجیں** ہمیں OCSS, PO Box 830, Canal Street Station, New York, NY 10013 پر۔
- **تشریف لائیں** W. Broadway151 ، چوتھی منزل، New York, NY 10013 پر (پیر تا جمعہ، چھٹیوں اور ہفتہ اتوار کے علاوہ، صبح 9 بجے سے شام 7 بجے کے درمیان)

**13. اگر میں 500$ ادا کر دوں تو قرض کی مدد میں کتنی رقم کریڈٹ ہوگی؟**

اس کا انحصار آپ کے مخصوص کیس پر ہوگا۔ مثال کے طور پر اگر آپ 500$ ادا کرتے ہیں تو آپ پر واجب الادا رقم تک آپ کے قرض میں 1,000$ تک کی تخفیف ہو سکتی ہے۔ FAQs #2 اور #7 میں دی گئی مثال مفید ہو سکتی ہے۔

**14. اگر مجھ پر DSS اور تحویلی والدین دونوں کا قرض ہے تو رقم کسے ملے گی؟**

رقم وفاقی ضوابط تقسیم کے مطابق تقسیم کی جائے گی۔ اپنے معاملے کی تفصیل کے بارے میں مزید جاننے کے لیے آپ:

- **ای میل کریں** dcse.cseweb@dfa.state.ny.us پر۔ براہ کرم اپنے ای میل استفسار میں اپنا امداد اطفال کا کیس نمبر شامل کریں۔ کوئی شخص آپ کو کال کرے گا یا ڈاک کے ذریعے آپ کو جواب دے گا۔
- **درخواست کریں** کسٹمر سروس کیس ورکر کے ساتھ فون اپائنٹمنٹ کی dcse.cseweb@dfa.state.ny.us کو ای میل کر کے۔ براہ کرم اپنا نام، امداد اطفال کا کیس نمبر، اپنی تشویش (تشویشات) کی تفصیل، فون نمبر، اور آپ سے رابطہ کرنے کا بہترین وقت فراہم کریں۔ اپنی ای میل کی سبجکٹ لائن میں "ریکوائسٹنگ اے کسٹمر سروس اپائنٹمنٹ" ("Requesting a Customer Service Appointment") درج کریں۔
- **فون کریں** نیو یارک اسٹیٹ کے امداد اطفال کی ہیلپ لائن کو 888-208-4485 پر۔
- **ڈاک بھیجیں** ہمیں "OCSS – Pay It Off, PO Box 830, Canal Street Station, New York, NY 10013" پر۔
- **تشریف لائیں** W. Broadway151 ، چوتھی منزل، New York, NY 10013 پر (پیر تا جمعہ، چھٹیوں اور ہفتہ اتوار کے علاوہ، صبح 9 بجے سے شام 7 بجے کے درمیان)

**15. اگر دوسری ریاست یا دوسری کاؤنٹی کی رقم مجھ پر واجب الادا ہو تو کیا میں اب بھی اس پروگرام کے لیے اہل ہوں؟**

نہیں، اس پروگرام کے لیے میچ NYC حکومت/محکمہ برائے سماجی خدمات کو واجب الادا رقم تک محدود ہے۔

**16. اگر میں نے سابقہ برسوں میں شرکت کی ہو تو کیا میں اس سال Pay It Off پروگرام میں شرکت کا اہل ہوں؟**

ہاں۔

**17. اگر میرے لیے DSS کو قابل ادائیگی سود کے ساتھ رقم کا فیصلہ ہوا ہے تو کیا ہوگا؟**

اگر سود کے بغیر DSS پر واجب الادا رقم کے فیصلے کے اصول کی پوری ادائیگی کی جاتی ہے، تو OCSS DSS پر واجب الادا تمام سود کو بھی ختم کر دے گا۔

**کیا آپ کو طبی یا ذہنی صحت کی کیفیت یا معذوری لاحق ہے؟** کیا اس کیفیت کے باعث آپ کے لیے اس نوٹس کو سمجھنا یا اس نوٹس میں جس چیز کی درخواست کی جا رہی ہے، اسے انجام دینا مشکل ہوتا ہے؟ کیا اس کیفیت کی وجہ سے آپ کے لیے HRA میں موجود دیگر خدمات حاصل کرنا مشکل ہوتا ہے؟ **ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔** ہمیں 718-557-1399 پر کال کریں۔ جب آپ HRA کے دفتر جائیں تو آپ وہاں بھی مدد طلب کر سکتے ہیں۔ آپ کو قانون کے تحت اس قسم کی مدد حاصل کرنے کا حق ہے۔